
ہفتہ وار رسالہ: 341
WEEKLY BOOKLET: 341

تحریراتِ امیرِ اہلِ سنت (قسط 4)

شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنت، بانیِ دعوتِ اسلامی، حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ
کے قلم سے رمضان المبارک 2023 کی پرکیف یادوں کا تصویری البم

# یادِ رمضان (قسط 2)

صفحات 30



پیشکش:
المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)
Islamic Research Center

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن

## پہلے اِسے پڑھیں

بُزرگانِ دین رحمۃُ اللہِ علیہم کے بارے میں کتابوں میں لکھا ہے کہ وہ عبادتوں، ریاضتوں، رحمتوں اور بَرَکتوں والے مہینے **"رمضانُ المبارک"** کا چھ ماہ پہلے ہی سے انتظار کرتے رہتے، ایسے ہی امیرِ اہلِ سنّت حضرتِ علّامہ مولانا محمد اِلیاس عطّار قادری رَضَوی دامت بَرَکاتُہُمُ العالیہ رمضانُ المبارک سے صِحّت و عافیت کے ساتھ ملنے کی دعا: **"اَللّٰھُمَّ بَلِّغْنَا رَمَضَانَ بِصِحَّۃٍ وَّعَافِیَۃٍ یعنی اے اللہ پاک! ہمیں خیر و عافیت سے ماہِ رمضان سے مِلا"** مانگتے رہتے ہیں۔ عاشقانِ رسول کی دینی تحریک دعوتِ اسلامی کی مجلس المدینۃُ العلمیہ کے **"شعبہ ہفتہ وار رسالہ مطالعہ"** نے پچھلے سال امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکاتُہُمُ العالیہ کی ماہِ رمضانُ المبارک کی مختلف تحریرات کا مجموعہ بنام **"یادِ رمضان"** جاری کیا تھا، اَلحمدُ لِلّٰہ! اَب اُس کی دوسری قسط پچھلے (یعنی 1444ھ) ماہِ رمضان کے بابَرَکت ایّام کی یادوں پر مشتمل بنام **"یادِ رمضان قسط 2"** پرنٹ ہو کر آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ امیرِ اہلِ سنّت روزانہ ایک مَدَنی پھول: حدیثِ پاک / کسی بُزرگ کا فرمان یا کوئی قول لکھ کر ایک اسلامی بھائی کو عنایت فرماتے تھے۔ اَلحمدُ لِلّٰہ! یوں پورے ماہِ رمضان کی یاد بصورتِ تحریر محفوظ ہو گئی۔ پہلی قسط کی طرح اِس قسط میں بھی یہ حسین انداز اپنایا گیا ہے کہ جو ماہِ رمضان کی تاریخ ہے، وہی صفحہ نمبر ہے اور جو صفحہ نمبر ہے وہی ماہِ رمضان کی تاریخ ہے۔ بعض تحریرات میں قَدرِے ترمیم ہے البتہ سب مَدَنی پھول پہلی قسط سے مختلف ہیں، مزید امیرِ اہلِ سنّت کے دینی مسائل کے متعلق مختصر کلپس کے QR Codes ہر صفحے پر دیئے گئے ہیں اِنہیں Scan کر کے مختلف موضوعات کے بارے میں سوالات کے جوابات کی صورت میں دینی مسائل سیکھے جاسکتے ہیں۔ اللہ کریم اِس کتاب کو اپنی بارگاہ میں قبول فرما کر ہمارے لئے بے حساب بخشش کا ذریعہ بنائے۔ اٰمین بجاہِ خاتمِ النّبیّٖن صلّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلّم

طالبِ غمِ مدینہ و بقیع و بے حساب مغفرت

**ابو محمد طاہر مَدَنی عطاری عُفِیَ عنہٗ**

المدینۃُ العلمیہ اسلامک ریسرچ سینٹر (شعبہ ہفتہ وار رسالہ مطالعہ)

یادِ رمضان

آیا رمضان آگیا ماہِ رمضان
واہ! کیا بات ماہِ رمضان کی

اللہ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم

پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جب رمضان شریف آتا تو یہ دعا پڑھتے:

اَللّٰھُمَّ سَلِّمْنِیْ مِنْ رَمَضَانَ
وَسَلِّمْ رَمَضَانَ لِیْ وَسَلِّمْہُ مِنِّیْ۔

ترجمہ: اے اللہ! مجھے رمضان المبارک میں سلامت رکھو اور رَمَضان شریف کو میرے لئے سَلامَتی والا بنا اور اسے مجھ پر سَلامَتی کے ساتھ گُزار۔

۱

رمضان المبارک ۱۴۴۴ھ
23-3-23

دعا

صلوا علی الحبیب
صلی اللہ علی محمد



# یادِ رمضان

۲

بھوک پیاس برداشت کرنا اور راتوں کو جاگنا آسان ہے مگر "بُرے اَخلاق" کا علاج بہت مُشکِل ہے۔ (غُنیۃ الطّالبین (اردو) ص 687)

محمد الیاس قادری
۲ رمضان المبارک ۱۴۴۴ھ
23-3-23

جھوم جاؤ گناہ گارو اب، بخشش دیگا کرم سے پیارا رب
مرحبا! آ گیا ماہِ غُفراں، واہ! کیا بات ماہِ رمضاں کی

یادِ رمضان

اللہ

# وُضو کے بعد داڑھی میں کنگھی کرنا فقیری (یعنی غُربت) کو دُور کرتا ہے۔

(مراٰۃ 6/163 - اَشِعَّۃُ اللَّمعات)

25-3-23

۳



یادِ رمضان

اللہ

# قرض کا نقصان

مدینہ

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم: "قرض دین کا عیب ہے۔" (تاریخ دمشق لابن عساکر ج 6 ص 523)

بزرگانِ دین رحمہم اللہ المبین فرماتے ہیں: قرض کا ٹینشن عقل کو خراب کر دیتا ہے۔ (مراۃ ج 4 بالتصرف)

٤

واہ! کیا بات ماہِ رمضان کی





اللہ

یادِ رمضان

حضرت رَبِیع بن خُثَیم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے شاگردوں سے پوچھا: کیا تم جانتے ہو کہ بیماری، دوا و شفا کیا ہے؟ عرض کی: نہیں معلوم۔ فرمایا: "بیماری گناہ، دوا توبہ و استغفار اور شفا یہ ہے کہ گناہ سے ایسی پکّی توبہ کرو کہ پھر اس کی طرف نہ لوٹو۔" (الزہد للامام احمد، زہد محمد بن سیرین ص ۳۳۹، رقم ۱۹۸۳)

۵

باغِ جنّت خدا اسے دے گا، نارِ دوزخ میں وہ نہ جائے گا
جو بھی ہے عاشقِ مہِ رمضاں، واہ! کیا بات ماہِ رمضاں کی

محمد الیاس عطار قادری
۵ رمضان شریف ۱۴۴۴ھ
27-3-23



الحمد للہ الکریم آج رمضان الکریم کی چھٹی رات کے تقریباً پونے دو بجے ہیں مدنی مذاکرے سے فارغ ہو چکا ہوں، آج یہ حدیثِ پاک بھی بیان کی ہے:

٦

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم:

"مالدار کا قرض کی ادائیگی میں ٹال مٹول کرنا ظلم ہے"۔ (بخاری، 2/109، حدیث: 2400)

محمد الیاس قادری
٦ رمضان الکریم ١٤٤٤ھ
28-3-23
الصوت - ١

یا خدا! ہم عاصیوں پر یہ بڑا احسان ہے
زندگی میں پھر عطا ہم کو کیا رمضان ہے






# دُعائے اِفطار کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی صلَّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلَّم: اے علی! جب تم رمضان کے مہینے میں روزہ رکھو تو اِفطار کے بعد یہ دعا پڑھو:

اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ۔[1] تو تمھارے لیے تمام روزے داروں کی مِثل اَجر لکھا جائیگا اور ان کے ثواب میں بھی کمی نہیں کی جائیگی۔ ۷

[1] ترجمہ: اے اللہ پاک! میں نے تیرے لئے روزہ رکھا اور تجھی پر بھروسا کیا اور تیرے ہی عطا کئے ہوئے رزق سے اِفطار کیا۔

۷ رمضان المبارک ۱۴۴۴ھ 28-3-23








# مُتّقی کون؟

حضرتِ بکر بن عبدُاللہ مُزَنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

کوئی شخص اُس وقت تک مُتّقی (یعنی پرہیزگار) نہیں ہو سکتا جب تک وہ **غُصّے** اور **لالچ** سے نہ بچے۔


(مصنّف ابنِ ابی شیبہ ج 8 ص 285)

دُعائے عطار
محمد الیاس عطار قادری
۷ رمضان المبارک ۱۴۴۴ھ
30-3-2023

صلّوا علی الحبیب صلّی اللہ علی محمد



یادِ رمضان



مزارِ حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ

## غم کم کرنے کا نسخہ

۹

ارشادِ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ

جو اپنا لباس صاف رکھے اُس کے **غم** کم ہو جائیں گے اور جو خوشبو لگائے اُس کی **عقل** بڑھے گی۔ (احیاء العلوم ج ۱ ص ۵۶۱)

رمضان ۹
رمضان الکریم ۱۴۴۴ھ
31-3-23

رمضان الکریم کا دوسرا جُمعہ مبارک



# SAY "NO" TO APRIL FOOL

**فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم**

بڑی خِیانت یہ ہے کہ تُو اپنے بھائی سے کوئی بات کرے جس میں وہ تجھے سچّا سمجھتا ہو اور تُو اِس میں **جھُوٹا** ہو۔ (ابوداؤد 294/4۔حدیث: 4971)

۱۰

مـــــــــــــــــدیٹھا

اِس میں جھوٹ بھی ہے اور دھوکا بھی۔

(مراۃ ج6حدیث: 4845)



# دُرُودِ پاک کی برکتیں

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے بھائی

مولانا حسن رضا خان حسن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"دُرُود آئینۂ ایمان کی جِلا (یعنی چمک)

(اور) لاعلاج امراض کی دوا ہے۔" ١١

(رسائلِ حسن ص 119)

صلوا علی الحبیب صلی اللہ علی محمد

11 رمضان المبارک 1442ھ

محمد الیاس قادری




بدگمانی کے گناہ سے بچیے، یہ دُنیا
میں بھی رشتے اور تعلّقات خراب کرتی ہے،
قوّتُ القلوب میں ہے، حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ
فرماتے ہیں: "بدگمانی دوست کو دُور
کر دیتی ہے۔"

١٢

صلوا علی الحبیب
صلی اللہ علی محمد








جب کوئی مُعافی مانگے تو دل بڑا رکھ کر
مُعاف کر دینا چاہئے کہ ایک فرمانِ آخری نبی صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم
میں یہ بھی ہے: "بندہ کسی کا قُصور مُعاف ۱۳
کرے تو اللہ پاک اُس (مُعاف کرنے والے)
کی عزّت ہی بڑھائے گا۔"
(مسلم، حدیث: ۲۵۸۸)

محمد الیاس عطار قادری
۱۳ رمضان المبارک ۱۴۴۲ھ
۲۶-۴-۲۱
-الموت-



یادِ رمضان

اللہ

# نیکوں کا تذکرہ کرنے کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم

ذِکْرُ الصّٰلِحِیْنَ کَفَّارَۃٌ - یعنی نیک بندوں کا تذکرہ (گناہوں کا) کفّارہ (یعنی مٹانے والا) ہے -

(جامعِ صغیر ص 264، حدیث: 4331)

مجھے ماہِ رمضان سے پیار ہے

سگِ مدینہ محمد الیاس قادری

۱۴ رمضان المبارک ۱۴۴۲ھ

27-4-21



یادِ رمضان

# امام حسن رضی اللہ عنہ کا جشنِ ولادت مبارک (۱۵ رمضان یومِ ولادت شریف)

مدینہ

## فرمانِ امام حسن رضی اللہ عنہ

"بے شک سب سے بڑی عقلمندی پرہیزگاری اور سب سے بڑی بے وقوفی گناہ و بے حیائی ہے۔"

۱۵



مزارِ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ

یادِ رمضان

"اپنی واہ واہ چاہنا دُنیا و آخرت دونوں کیلئے تباہ کُن ہے۔"



اللہ

# فرمانِ بی بی عائشہ

”جب کوئی بندہ گناہ پر شرمندہ ہوتا ہے تو اس سے پہلے کہ وہ توبہ کرے اللہ پاک اُسے بخش دیتا ہے۔“
(الترغیب والترہیب)

١٧

محمد الیاس قادری

یومِ عُرس: 17 رمضان الکریم

مزارِ اُمُّ المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا



اللہ

اپنی عبادت یا اچھی صورت یا دولت پر اِترانے والے خطا پر ہیں کہ یہ سب چیزیں اللہ کریم نے عنایت فرمائی ہیں، وہ جب چاہے واپس لے سکتا ہے۔

۱۸







يادِ رمضان

نعت خوانی عُمدہ عبادت ہے، نعت خواں کو حُبِّ جاہ و مال سے پاک اور بااخلاق و باکردار ہونا چاہیے۔


صلّوا علی الحبیب صلّی اللّٰہُ علٰی محمد

موت آجائے ترے ذِکر کے دوران مجھے
دل سے کہتا ہوں میں اے امین رسولِ عربی صلی اللّٰہ علیہ واٰلہٖ وسلم

۱۹



یادِ رمضان



مزارِ حضرت شیخ عبدُ الحق محدث دہلوی رحمۃُ اللہِ علیہ

# علم

٢٠

حضرت شیخ عبدالحق محدِّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

”جس مسلمان میں علمِ دین حاصل کرنے کی حِرص اور اس کا شَوق ہوگا اُس کا ایمان پر خاتمہ ہوگا۔“

(لَمعاتُ التَّنقِیح ج۱ ص559 تا 560)

الوداع! الوداع عشرۂ مغفرت الوداع

۲۰ رمضان المبارک ۱۴۴۴ھ 11-4-23



فطرے کے متعلق عوامی غلط فہمیاں

یادِ رمضان

"بول کر پچھتانے سے نہ بول کر
اور کھا کر پچھتانے سے
نہ کھا کر پچھتانا اچھّا"۔

محمد الیاس قادری
۲۱ رمضان شریف ۱۴۴۴ھ
12-4-23

٢١



اللہ

یادِ رمضان




"مسجد میں ہنسنا منع ہے کہ قبر میں تاریکی (یعنی اندھیرا) لاتا ہے، موقع کے لحاظ سے تبسم (یعنی مسکرانے) میں حرج نہیں"

(مسجد کا احترام ص 6)

۲۲

رمضان کا چوتھا

جمعہ مبارک ہو



یادِ رمضان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الٰہی! رہ گئے رمضاں کے آخری روزے
# رہائی نارِ جہنّم سے ہو عطا یا ربّ!

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب
صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

۲۳



یادِ رمضان

عربی کہاوت :

مَنْ هُوَ نَاصِحُكَ خَيْرٌ لَكَ
مِمَّنْ هُوَ مَادِحُكَ

یعنی : تجھے نصیحت کرنے والا تیری تعریف کرنے والے سے بہتر ہے۔

٢٤

٢٤ رمضان الکریم ١٤٤٤ھ
15-4-23
محمد الیاس قادری

الوداع الوداع
آہ! رمضان

یادِ رمضان



مزارِ حضرت حسن بصری رحمۃُ اللہِ علیہ

## فرمانِ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ

۲۵

عاجزی یہ ہے کہ تُم اپنے گھر سے جب نکلو تو جس مسلمان سے بھی مِلو اُسے اپنے سے افضل جانو۔ (الزواجر ج ۱ ص 163)

لیلۃُ القدر آگئی کیا رحمت سُبحان ہے
دوستو! رخصت ہوئے دیکھو چلا رمضان ہے

آہ! الوداع ماہِ رمضان

۲۵ رمضان الکریم ۱۴۴۳ھ

اللہ

یادِ رمضان مدینہ

آہ! رمضان مدینہ

دُنیوی اِمتحان میں نُمایاں کامیابی
پانے والا قابلِ رَشک نہیں،
حقیقت میں قابلِ رشک وُہی ہے
جو جنّت میں داخِلہ پانے میں
کامیاب ہو گیا۔“

۲۶

۲۶ رمضان المبارک ۱۴۴۴ھ 17-4-23

ہائے تڑپا کے رمضان چلا ہے



اللہ

یادِ رمضان

"انسان جتنا دُنیوی پریشانیوں سے خوفزدہ ہے اُتنا ہی اُخروی پریشانیوں سے بھی ڈرے تو اللہ پاک کی رحمت سے دونوں ہی سے بچ جائے۔"

حسرتا و احسرتا
اے ماہِ رمضان!
الوداع

آہ! رمضان

محمد الیاس قادری
رمضان ۱۴۴۴ھ

۲۷



اللہ

اے ماہِ رمضان الوداع

یادِ رمضان

## فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم :

"اپنے مقاصد میں کامیابی پانے کیلئے انہیں راز میں رکھنے سے مدد حاصل کرو کیونکہ دنیا میں ہر نعمت والے سے حسد کیا جاتا ہے۔"

(شعب الایمان 5/277)

بشر رازِ دلی کہہ کر ذلیل و خوار ہوتا ہے
نکل جاتی ہے جب خوشبو تو گل بیکار ہوتا ہے

اے ماہِ رمضان الوداع



الله

یادِ رمضان

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے

محروم ہے وہ شخص جس نے رمضان کو پایا اور اس کی مغفرت نہ ہوئی کہ جب اس کی رمضان میں مغفرت نہ ہوئی تو پھر کب ہوگی! (معجم اوسط ج ۵ ص ۳۶۶ فیضانِ رمضان ص 208)

۲۹

علمی نہ کی کچھ بندگی
از بس ہے کہ شرمندگی
واحسرتا واحسرتا
ماہِ مبارک الوداع

صلوا علی الحبیب
صلی اللہ علیٰ محمد

۲۹ رمضان المبارک ۱۴۴۴ھ
20-4-23





جمعۃ الوداع
مبارک ہو

الٰہی! آ گیا رمضاں کا آخری جمعہ
رہائی نارِ جہنم سے ہو عطا یا رب!
اللّٰھُمَّ آمین ۔

۳۰

اَلْوَداع اَلْوَداع
یا شَہرَ رَمَضان

محمد الیاس قادری
۲۹ رمضان المبارک ۱۴۴۴ھ
21-4-23



اللہ

عید مبارک

عید اُن کی نہیں جنہوں نے رنگ برنگے کپڑے پہنے، عمدہ ڈشیں کھائیں اور بن ٹھن کر سیر و تفریح کی بلکہ عید تو اُن کی ہے جنہوں نے اللہ پاک کی پکڑ سے ڈر کر توبہ کی، نیکی کی راہ اختیار کی اور گناہوں سے دُور ہو گئے۔



تَقَبَّلَ اللّٰہُ مِنَّا وَمِنْکُم

یعنی: اللہ پاک آپ کی اور ہماری نیکیاں قبول فرمائے۔

عید مبارک ہو...



## ہفتہ وار رسالہ مطالعہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! امیرِ اہلِ سنّت بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علّامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ/خلیفۂ امیرِ اہلِ سنّت الحاج ابو اُسید عُبید رضا مدنی مدظلہ العالی کی جانب سے ہر ہفتے ایک رسالہ پڑھنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ ماشاءَ اللہ الکریم! لاکھوں اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں یہ رسالہ پڑھ یا سُن کر امیرِ اہلِ سنّت/خلیفۂ امیرِ اہلِ سنّت کی دُعاؤں سے حصہ پاتے ہیں۔ یہ رسالہ Audio میں دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ www.Dawateislami.net یا Read and listen Islamic book ایپلی کیشن سے فری ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ ثواب کی نیت سے سے خود بھی پڑھیں اور اپنے مرحومین کے ایصالِ ثواب کے لئے تقسیم کریں۔

(شعبہ ہفتہ وار رسالہ مطالعہ)

978-969-722-607-8

01082466

فیضانِ مدینہ محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی

UAN +92 21 111 25 26 92 0313-1139278

www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net

feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net